سیشن-------- ( آزمائشی ) علمِ بدیع پرچہ : اُردو(لازمی) برائے جماعت گیارھویں ،بار

نام طالبعلم ------------------ تاریخ------------------------

کُل وقت:40منٹ (حصہ اوّل معروضی) کُل نمبر:40----------

نوٹ:۔حصہ اوّل لازمی ہے۔ہرسوال کانمبرایک ہے۔کاٹ کرلکھاہواجواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1۔دیے گئے الفاظ یعنی (الف/ب/ج) میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہرجزوکاایک نمبر ہے۔

## علم،بدیع اور صنعتوں کا بیان

1۔ تلمیح کے لفظی معنی کیا ہیں ؟

الف۔ روایت کرنا ب۔ تاریخی واقعہ ج۔ اشارہ کرنا

2۔ کس تاریخی واقعہ،قرآنی آیت،حدیث نبوی کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے ؟

الف۔ استعارہ ب۔ تلمیح ج۔ تشبیہ

3۔ صنائع لفظی اور صنائع معنوی کا تعلق ہے ؟

الف۔ علم بیان ب۔ علم عروض ج۔ علم بدیع

4۔ صنعت تلمیح کس کی قسم ہے ؟

الف۔ صنائع لفظی ب۔ صنائع معنوی ج۔ صنائع معروضی

5۔ '' بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق '' مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تلمیح ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت تکرار

6۔ '' ابن مریم ہوا کرے کوئی '' مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تکرار ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت تلمیح

7۔ ''قومی ترقی کی نسبت خیال ہے کوئی خضر ملے '' مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تکرار ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت تلمیح

8۔ '' ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے محمود وایاز ''مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تکرار ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت تلمیح

9۔ آج کل یہ ہے نماز اور کبھی وہ تھی نماز '' ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے محمود وایاز ''مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تکرار ب۔ صنعت تضمین ج۔ صنعت تلمیح

10۔ تضمین کا لغوی مطلب ہے ؟

الف۔ روایت کرنا ب۔ ملانا،شامل کرنا ج۔ اشارہ کرنا

11۔ جب کسی دوسرے شاعر کے مصرع پر کوئی شاعر اپنا مصرع لگائے کہلاتا ہے ؟

الف۔ صنعت تضمین ب۔ صنعت تکرار ج۔ صنعت تلمیح

SOCHBADLOBYMAK

CamScanner

12- صنعت تضمین قسم ہے ؟
الف۔ صنائع لفظی ب۔ صنائع معنوی ج۔ صنائع معروضی
13- صنعت تضمین قسم ہے ؟
الف۔ علم بیان ب۔ علم عروض ج۔ علم بدیع
14- آج کل یہ ہے نماز اور کبھی وہ تھی نماز ''ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز'' دوسرا مصرع کس شاعر کا ہے ؟
الف۔ حالی ب۔ غالب ج۔ اقبال
15- صنائع معنوی میں صنائع لفظی کے برعکس ۔۔۔۔۔۔ کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے ؟
الف۔ اُوپری سطحوں ب۔ گہری سطحوں ج۔ اندرونی سطحوں
16- پہلے مصرعے میں کسی چیز یا لفظ سے متعلق دوسرے مصرعے میں دوسری چیزوں کا ذکر کہلاتا ہے ؟
الف۔ صنعت حسن تعلیل ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت مراعاۃ النظیر
17- مندرجہ ذیل شعر کس صنعت کی مثال ہے ؟ پتا پتا ، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل
18- ''پتا پتا، بوٹا بوٹا'' پہلے مصرعے کی مناسبت سے دوسرے مصرعے میں استعمال ہونے والا لفظ کون سا ہے ؟
پتا پتا ، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
الف۔ حال ب۔ گل ج۔ جانے نہ جانے
19- مندرجہ ذیل شعر کس صنعت کی مثال ہے ؟
آشنا اپنی حقیقت سے ہو اے دہقاں ذرا دانہ بھی تو کھیتی بھی تو ، حاصل بھی تو
الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل
20- ''دہقاں'' پہلے مصرعے کی مناسبت سے دوسرے مصرعے میں استعمال ہونے والا لفظ کون سا ہے ؟
آشنا اپنی حقیقت سے ہو اے دہقاں ذرا دانہ بھی تو کھیتی بھی تو ، حاصل بھی تو
الف۔ دانہ بھی تو، حاصل بھی تو ب۔ کھیتی بھی تو، حاصل بھی تو ج۔ الف اور ب
SOCHBADLOBYMAK
21- صنعت مراعاۃ النظیر قسم ہے ؟
الف۔ صنائع لفظی ب۔ صنائع معنوی ج۔ صنائع معروضی
22- شعر میں کسی ایسی وجہ کو بیان کرنا جو کسی چیز کی اصل وجہ نہ ہو کہلاتی ہے ؟
الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل
23- خوبصورت وجہ بیان کرنا کس کے لفظی معنی ہیں ؟
الف۔ صنعت حسن تعلیل ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت مراعاۃ النظیر
24- '' تمہارے شہیدوں میں شامل ہوئے ہیں گل و لالہ و ارغواں کیسے کیسے '' مثال ہے ؟
الف۔ صنعت لف و نشر ب۔ صنعت حسن تعلیل ج۔ صنعت تضاد
25- ڈال عرقِ گلاب آنکھوں میں آئیں گے اس کے خواب آنکھوں میں شعر مثال ہے ؟
الف۔ صنعت لف و نشر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل
26- عرق گلاب آنکھوں میں ڈالنے کی وجہ سے خواب آتے ہیں ؟
الف۔ اصل وجہ ب۔ خوب صورت وجہ ج۔ مجازی وجہ
CamScanner

27۔ لپیٹنا اور پھیلانا کس صنعت کے معنی ہیں ؟

الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت لف ونشر

28۔ برابری کا تیری جو گل نے خیال کیا صبا نے مار طمانچے منہ اس کا لال کیا شعر مثال ہے ؟

الف۔ صنعت لف ونشر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل

29۔ جو خوابوں میں، خیالوں میں، گلابوں میں تری ہی جستجو ہے ہر کہیں تم ہو شعر مثال ہے ؟

الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت لف ونشر

30۔ دو متضاد الفاظ کا شعر میں استعمال ہو تو ایسی صنعت ہے ؟

الف۔ صنعت لف ونشر ب۔ صنعت حسن تعلیل ج۔ صنعت تضاد

31۔ ستارہ ہو سمندر کا کنارا ہوں مرا تو آسماں تم ہو زمیں تم ہو شعر مثال ہے ؟

الف۔ صنعت لف ونشر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت حسن تعلیل

32۔ ایک سب آگ ، ایک سب پانی دیدہ دل عذاب ہیں دونوں مثال ہے ؟

الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت لف ونشر

33۔ زندگی کیا ہے ؟ عناصر میں ظہور ترتیب موت کیا ہے ؟ ان ہی اجزا کا پریشاں ہونا شعر مثال ہے ؟

الف۔ صنعت مراعاۃ النظیر ب۔ صنعت لف ونشر ج۔ صنعت سوال وجواب

34۔ زندگی کیا ہے ؟ عناصر میں ظہور ترتیب موت کیا ہے ؟ ان ہی اجزا کا پریشاں ہونا مثال ہے ؟

الف۔ (ب،ج) دونوں ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت سوال وجواب

35۔ تجنیس تام، تجنیس مرکب اور تجنیس مماثل جیسی صورتیں کس صنعت میں ہوتیں ہیں ؟

الف۔ صنعت تجنیس ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت سوال وجواب

36۔ قاتل نے لگایا نہ میرے زخم پہ مرہم حسرت یہ رہی جی کی جی میں گئے مرہم مثال ہے ؟

الف۔ صنعت سوال وجواب ب۔ صنعت تضاد ج۔ صنعت تجنیس

37۔ ایسی سزا ملے گی اب کہ اسیر تجھ کو اے بے وفا تجھے میں دل سے نکال دوں گا مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تفریق ب۔ صنعت جمع ج۔ صنعت تجنیس

38۔ یہ رنگ خوشبو، گلاب لکھنا تیرے لیے اک کتاب لکھنا مثال ہے ؟

الف۔ صنعت تفریق ب۔ صنعت جمع ج۔ صنعت تجنیس

39۔ صنعت تجنیس قسم ہے ؟

الف۔ صنائع لفظی ب۔ صنائع معنوی ج۔ صنائع معروضی

40۔ صنعت لف ونشر قسم ہے ؟

الف۔ صنائع لفظی ب۔ صنائع معنوی ج۔ صنائع معروضی

دستخط سبجیکٹ ٹیچر-------------------------- تاریخ--------------------------

SOCHBADLO BY MAK

CamScanner